Name- Mohammad Ajmal

Course - Ph. D.

Department - Urdu

Topic- NAZEER AHMAD KE NOVELON KI FARHANG

Supervisor Name- Md. Mobashshir Husain

Notification No. :F. No. COE / Ph. D. / (Notification) / 555 / 2024

Notification Dated : 20.03.2024

پی ایچ ڈی مقالے کا عنوان- نذیر احمد کے ناولوں کی فرہنگ

مقالہ نگار - محمد اجمل   نگراں - ڈاکٹر محمد بشر حسین

ما حصل :

میرے پی ایچ ڈی مقالے کا عنوان ہے " نذیر احمد کے ناولوں کی فرہنگ "۔ اس مقالے کا مقصد ہے ڈپٹی نذیر احمد کے ناولوں کی فرہنگ ترتیب دینا ۔ میں نے اپنے مقالے کو چار ابواب میں تقسیم کیا ہے باب اول " اردو میں فرہنگ نویسی "کے عنوان سے لکھا گیا ہے ۔ باب دوم " نذیر احمد کے ناول اور مجوزہ ۔ فرہنگ کا طریقہ کار "سے متعلق ہے ۔ باب سوم ، نذیر احمد کے ناولوں میں معلوماتی الفاظ اور دہلی کی بیگماتی زبان " کے عنوان سے ہے۔باب چہارم مقالے کا سب سے اہم باب ہے اس میں نزیر احمد کے سبھی سات ناولوں کی فرہنگ پیش کی گئ ہے ۔ باب چہارم کے بعد مقالے کا ما حصل تحریر کیا گیا ہے اور مقالے کے آخر میں کتابیات درج کی گئ ہے ۔ نذیر احمد کے ناولوں کے موضوعات کا تعلق کسی نہ کسی معاشرتی مسئلے سے ہے۔ ہر ایک ناول کوئی نہ کوئی اصلاحی مقصد رکھتا ہے ۔ یہ تصور کیا جاتا ہے کہ نزیر احمد کے ناولوں کی زبان ثقیل اور نامانوس ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ نذیر احمد کے ناول اُن کی اس مخصوص زبان اور انداز بیان کی بدولت ہی خاصے کی چیز بن سکتے ہیں ۔

نزیر احمد نے اپنے ناولوں میں زبان کو کرداروں کے لحاظ سے استعمال کرتے ہوئے اردو ادب کو الفاظ کا ایک خوبصورت ذخیرہ عطا کر دیا ہے ۔ ناولوں میں استعمال ہوئے مشکل الفاظ وغیرہ کی زمرہ بندی کرتے ہوئے جو فرہنگ ترتیب دی گئ ہے اس سے ادب کے طالب علموں کو ان ناولوں کو سمجھنے میں آسانی ہوگی اور نذیر احمد کےعہد کی معاشرت کا فہم و ادراک

حاصل ہوگا ۔ اردو ادب کے ذخیرےمیں اضافہ ہوگا ۔ اس فرہنگ کی مدد سے ہم نذیر احمد کے ناولوں کو بہتر انداز میں منشائے مصنف کے مطابق سمجھ سکیں گے ۔

نزیر احمد کے ناولوں کو وجود میں آئے ہوئے ڈیڑھ صدی سے زیادہ کا عرصہ گزر چکا ہے ۔ موجودہ وقت میں نزیر احمد کے ناولوں سے مکمل طور پر فیض یاب ہونے میں اور جس دور میں ناول کو تخلیق کیا گیا تھا اس دور کی معاشرت اور ثقافت فہم حاصل کرنے میں زیر نظر فرہنگ مددگار ثابت ہوگی۔ ان شاء اللہ پاک